ہفتہ اساتذہ کرام اور حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نائب مہتمم کی خصوصی نگرانی میں جاری رہے۔ طلبہ نے کافی محنت اور شوق کے ساتھ پرچے دیئے۔ اور امتحانات کے نتائج کے کارڈ بھی جلد ہی طلباء کے والدین اور بزرگوں کے نام گھروں پر بھیج دیئے جائیں گے۔ تاکہ انہیں اپنے عزیز اقارب کی تعلیمی استعداد کے بارے میں آگاہی حاصل ہو۔

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا دورہ کراچی:

گزشتہ دنوں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے کراچی کا جماعتی دورہ کیا آپ نے وہاں پر متحدہ مجلس عمل کے ریفرنڈم کے خلاف منعقدہ تاریخی جلسے سے خطاب فرمایا اس کے علاوہ کئی جماعتی پروگراموں میں بھی شرکت کی۔ بعد میں آپ نے حضرت مولانا مفتی رشید احمد قدس سرہ العزیز کے تعزیت کے لئے دارالاشاد تشریف لے گئے او روہاں پر آپ نے علماء وطلباء سے خطاب بھی فرمایا۔ پھر آپ دارالعلوم کراچی بھی تشریف لے گئے اور وہاں پر حضرت مولانا محمد رفیع عثمانی مدظلہ اور حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہ اور دیگر علماء سے تفصیلی ملاقات بھی کی بعد میں آپ نے دارالعلوم کراچی کے کئی اہم شعبوں کا دورہ بھی کیا۔

حضرت مہتمم صاحب کی چچی اور حاجی احتشام الحق حقانی کی والدہ کی رحلت:

یکم محرم الحرام ۱۴۲۳ھ بروز ہفتہ کو حضرت شیخ الحدیثؒ کے بھائی حضرت نور الحقؒ کی اہلیہ محترمہ جو کہ حضرت مولانا سمیع الحق اور مولانا انوار الحق کی چچی اور حاجی احتشام الحق، ضیاء الحق، عطاء الحق، مولانا حافظ اکرام الحق کی والدہ ماجدہ تھیں، طویل علالت کے بعد تقریباً ۶۳ سال کی عمر میں انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ کو حضرت شیخ الحدیثؒ کے آبائی قبرستان اکوڑہ خٹک میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ قارئین سے دعا کی درخواست ہے۔

مولانا سلمان الحق کے لئے دعائے صحت کی اپیل:

حضرت مولانا انوار الحق نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے بڑے فرزند مولانا حافظ سلمان الحق کی گزشتہ دنوں پھسلنے کے باعث ٹانگ ٹوٹ گئی۔ اور ایک بڑے آپریشن کے بعد آج کل صاحب فراش ہیں۔ قارئین الحق سے ان کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعاؤں کی درخواست کی جاتی ہے۔ نیز ان تمام علماء طلباء اور متعلقین کے بھی ہم نہایت ممنون ہیں جو اس موقع پر عیادت کے لئے تشرف لائے۔ یا بذریعہ فون یا خطوط کے ذریعے اپنی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو درجات عالیہ سے نوازے۔

شائقین علم کے لئے ایک نادر تحفہ

ہزارہ سوسائٹی آف سائنس ریلیجن ڈائیلاگ، اسلام اور سائنس کے مختلف پہلوؤں پر ایک سہ ماہی رسالہ "Science Religion Dialogue" شائع کر رہی ہے۔ اپنی کاپی کیلئے 20 روپے کے ٹکٹ بھیجئے اور بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک حاصل کیجئے۔ رابطہ کیلئے: پروفیسر عبدالماجد، چیئرمین HSSRD ماڑی خان خیل، مانسہرہ P.Code 21340